نیو یارک سٹیٹ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ

انگلش لینگویج آرٹس
سکور رپورٹ
15-2014

نیو یارک سٹیٹ ٹسٹنگ پروگرام
آپ کے بچے کے 15-2014 میں انگلش لینگویج آرٹس کے نتائج

برائے والدین یا گارجین: **طالب علم کا پہلا نام طالب علم کا آخری نام**

طالب علم کی مقامی آئی ڈی: 000000000
تشخیص کردہ گریڈ: 4
سکول: سکول کا نام
بی ای ڈی ایس (BEDS) کوڈ: 999999999999

عزیز والدین/گارجین،

ہر بہار میں درجات 3-8 تک کے طلبہ انگلش لینگویج آرٹس (ELA) اور حساب میں نیو یارک سٹیٹ ٹسٹنگ پروگرام میں حصہ لیتے ہیں، جو ابتدائی اور سکنڈری ایجوکیشن ایکٹ (ESEA) کے ذریعہ مطلوب ہے۔ ان ٹسٹوں کے سکور طالب علم کی کارکردگی سمجھنے کے لئے والدین اور معلموں کو ایک راستہ دکھا دیتے ہیں۔ تاہم، ان ٹسٹوں کے نتائج بچے کی پوری کہانی نہیں بتاتے کہ وہ کیا جانتا اور کرسکتا ہے۔ درجہ 3-8 کے ای ایل اے اور حساب کے ٹسٹ نتائج تشخیصی مقاصد سے فراہم کئے جاتے ہیں اور انہیں آپ کے بچے/بچی کی آفشیل ٹرانسکرپٹ یا پرماننٹ سٹوڈنٹ رکارڈ میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔

یہ رپورٹ آپ کے بچے/بچی کے حاصل کردہ سکور کی وضاحت کرتی ہے اور آپ کے بچے کی مدد کے لئے دستیاب وسائل کی تفصیل بتاتی ہے۔ ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ اپنے بچے کے اساتذہ اور دیگر تعلیمی اہلکاروں سے بات کرتے وقت اس رپورٹ کو ضرور سامنے رکھیں۔ اگر آپ کے پاس کچھ سوالات ہیں یا آپ اس سال کے ٹسٹ میں اپنے بچے کی کارکردگی کے سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اپنے پرنسپل یا سکول کے ذمہ داروں سے رابطہ کریں۔

انگلش لینگویج آرٹس میں اپنے بچے کی ترقی کے بارے میں بات کرنے کے لئے اس رپورٹ کو استعمال کریں۔

اس رپورٹ اور اضافی معلومات کے ترجمہ شدہ ایڈیشن مندرجہ ذیل زبانوں میں دستیاب ہیں:

چینی	中文
ہیتی کریول	Kreyòl ayisyen
کوریائی	한글
روسی	Русский
ہسپانوی	Español

http://www.p12.nysed.gov/assessment/ei/eigen

آپ کے بچے کے ٹسٹ نتائج

15-2014 کے ٹسٹ نتائج: درجہ 4 ای ایل اے

سکیل سکور	**X**
کارکردگی کی سطح	**X**
مجموعی سٹیٹ پرسنٹائل رینک*	**X**

*ٹسٹ میں آپ کے بچے کا سکور پوری ریاست سے ٹسٹ میں حصہ لینے والے تمام طلبہ کا X فیصد کے برابر یا اس سے زیادہ تھا۔

15-2014 انگلش لینگویج آرٹس میں سکیل سکور کے حدود:

	چارٹ
این وائی ایس لیول 4: X-X	
این وائی ایس لیول 3: X-X	
این وائی ایس لیول 2: X-X	
این وائی ایس لیول 1: X-X	

14-2013 کے ٹسٹ نتائج: درجہ 3 ای ایل اے

کارکردگی کی سطح **X**

این وائی ایس لیول 1	این وائی ایس لیول 2	این وائی ایس لیول 3	این وائی ایس لیول 4
اس لیول کی کاکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں میں پختہ سے کمتر ہوتے ہیں۔ وہ انگلش لینگویج آرٹس/خواندگی کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی12- کامن کور تعلیمی معیاروں میں محدود معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں جنہیں اس درجہ کی توقعات کے لئے ناکافی مانا جاتا ہے۔	اس لیول کی کاکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں میں جزوی پختگی کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ انگلش لینگویج آرٹس/خواندگی کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی12- کامن کور تعلیمی معیاروں میں معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ اس حد تک کرتے ہیں کہ انہیں اس درجہ کی توقعات کے حساب سے جزوی مگر ناکافی مانا جاتا ہے۔ لیول 2 کی کارکردگی کرنے والے طلبہ نیو یارک ہائی سکول گریجویشن کی موجودہ مطلوبات کی تکمیل کرنے والے مانے جاتے ہیں لیکن پھر بھی وہ اس درجہ کے کامن کور تعلیمی معیاروں کے لئے پختہ تسلیم نہیں کئے جاتے۔	اس لیول کی کارکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں میں پختہ ہوتے ہیں۔ وہ انگلش لینگویج آرٹس/خواندگی کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی12- کامن کور تعلیمی معیاروں میں معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ اس حد تک کرتے ہیں کہ انہیں اس درجہ کی توقعات کے حساب سے تشفی بخش مانا جاتا ہے۔	اس لیول کی کارکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں پر فائق ہوتے ہیں۔ وہ انگلش لینگویج آرٹس/خواندگی کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی12- کامن کور تعلیمی معیاروں میں معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ اس حد تک کرتے ہیں کہ انہیں اس درجہ کی توقعات کے حساب سے تشفی بخش سے زیادہ مانا جاتا ہے۔

سال 2022 کی کلاس (کے طلبہ جو پہلے 2018-19 کے تعلیمی سال میں درجہ 9 میں جائیں گے) طلبہ کا وہ پہلا گروپ ہوگا جسے کالج وکریئر ریڈینس کی معیاری سطح پر کامن کور ریجنٹس امتحانات پاس کرنے ہوں گے، جو اشارہ کریں گے کہ وہ کامن کور کورس کی مطلوبہ سطح پر کھڑے اترتے ہیں
(دیکھیں http://www.regents.nysed.gov/meetings/2014/February2014/214p12d4.pdf)

طالب علم کے انگلش لینگویج آرٹس کے سکور کی مزید تفصیلات

طالب علم کا پہلا نام X طالب علم کا آخری نام

سکول: سکول کا نام
طالب علم کی آئی ڈی: 000000000
تشخیص کردہ گریڈ: 4

ای ایل اے کامن کور معیار اور آپ کے بچے کے نتائج سے متعلق:

انگلش لینگویج آرٹس و خواندگی کے لئے نیو یارک سٹیٹ کامن کور تعلیمی معیار (CCLS) بیان کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ہر درجہ لیول میں کیا جاننا چاہئے اور کیا کچھ کرنے کا اہل ہونا چاہئے۔ یہ سیکشن دکھاتا ہے کہ طالب علم نے پڑھنے اور متون سے لکھنے والے شعبوں میں کتنے پوائنٹ حاصل کئے ہیں۔ پڑھنے سے متعلق پوائنٹ معروضی سوالات پر حاصل ہوتے ہیں جو کامن کور ریڈنگ اور زبان کے معیاروں کی جانچ کرتے ہیں۔ متون سے لکھنے والے پوائنٹ مختصر اور طویل جواب والے سوالوں پر حاصل ہوتے ہیں جو کامن کور ریڈنگ، لینگویج اور لکھنے کے معیاروں کی جانچ کرتے ہیں۔ موازنے کے لئے، آپ کو ٹسٹ کے ہر دو شعبوں میں ریاست بھر کے طلبہ کے ذریعہ حاصل کردہ پوائنٹ کا اوسط نمبر بھی ملے گا۔

انگلش لینگویج آرٹس کے لئے کامن کور معیار	آپ کے بچے/ بچی کے ذریعہ حاصل کردہ پوائنٹ	ممکنہ پوائنٹ کا نمبر	نیو یارک میں حاصل کردہ اوسط پوائنٹ
پڑھنا			
طلبہ گریڈ سطح کے متن میں پیش کردہ کلیدی افکار اور تفصیلات پر عبور حاصل کرتے ہیں، وہ شناخت کرتے ہیں کہ کیسے تفصیلات پلاٹ کے ارتقاء میں تعاون کرتی ہیں، کرداروں کی تصویر واضح کرتی ہیں اور افکار واحداث میں ربط پیدا کرتی ہیں۔ طلبہ متن میں استعمال کردہ الفاظ و تعبیرات کے معنی شناخت کرتے ہیں، متن کی ترتیب کو سمجھتے ہیں اور مختلف نقطہ ہائے نظر کا موازنہ و مقابلہ کرتے ہیں۔ ان سب کے علاوہ طلبہ تصاویر وغیرہ کی مدد سے متن میں پیش کردہ معلومات اور افکار کو یکجا کرتے ہیں اور متن کے مختلف حصوں میں منطقی ربط پیدا کرتے ہیں۔			
متون سے لکھنا			
طلبہ گریڈ سطح کا متن پڑھتے ہیں اور تفصیلات کی مدد سے وہ اپنی حمایت یافتہ بیان درج کرتے ہیں۔ طلبہ کرداروں کے بارے میں لکھتے ہیں، یہ وضاحت کرتے ہوئے کہ متن میں وہ کیسے ایک دوسرے سے مربوط ہیں، اور متون میں پیش کردہ نقطہ ہائے نظر اور موضوعات کا موازنہ و مقابلہ کرتے ہیں۔ طلبہ متن کے واقعات اور سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہیں، متن کے پہلوؤں پر زبان کے اثرات شناخت کرتے ہیں اور کہانی کے عناصر کی اہمیت بیان کرتے ہیں۔ طلبہ گریڈ لیول کی انگریزی گرامر اور اس کے استعمال کی نمائندگی کرنے والی مربوط تحریریں تیار کرکے اپنی تفہیم کا اظہار کرتے ہیں۔			

آئندہ کیا کرنا ہے؟

یہ رپورٹ 2014-15 میں نیو یارک سٹیٹ ای ایل اے کے امتحان میں آپ کے بچے/بچی کے سکور کی وضاحت کرتی ہے۔ ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ آپ اپنے بچے/بچی کے اساتذہ اور دیگر معلموں کے ساتھ کام کریں تاکہ مل بیٹھ کر ایسا منصوبہ تیار کیا جاسکے جو خاص طور پر یہ ہدف بنائے کہ آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے اور وہ کیسے زیادہ اچھا سیکھتا/سیکھتی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے مجموعی سکور یا پڑھنے اور/یا متون سے لکھنے میں اپنے بچے کی کارکردگی سے تشویش میں ہیں تو ہم کہیں گے کہ آپ:

- اپنے بچے کے ای ایل اے کے ٹیچر سے پوچھیں کہ آپ کے بچے کے لئے کون سی مہارت (پڑھنا یا متون سے لکھنا) زیادہ پریشان کن ہے۔
- اپنے بچے/بچی کے ساتھ اس کے ای ایل اے کے کلاس ورک اور ہوم ورک پر نظرثانی کریں تاکہ پتہ چلے کہ آیا وہ ان مہارتوں میں آگے بڑھ رہا/رہی ہے۔
- اپنے بچے/بچی کے موجودہ ای ایل اے ٹیچر اور/یا پرنسپل سے بات کریں یہ دیکھنے کے لئے کہ آیا آپ کے بچے کو ان مہارتوں میں سدھار کے لئے اضافی و خصوصی تعاون کی ضرورت تو نہیں۔
- اپنے بچے کے لئے اضافی تعاون حاصل کرنے کے لئے حسب ضرورت وکالت کریں۔ ایسے تمام طلبہ جن کی کارکردگی کی سطح این وائی ایس سطح 1 یا این وائی ایس سطح 2 ہے، وہ اپنے اسکول کی جانب سے اکیڈمک انٹروینشن سروسز (AIS) کے لئے اہل ہیں۔

مزید معلومات کے لئے، ان نتائج پر اپنے بچے کے معلمین سے تبادلہ خیال کیجئے یا EngageNY.org کا خاص طور سے والدین اور فیملی وسائل صفحہ وزٹ کریں (http://www.engageny.org/parent-and-family-resources) جہاں آپ کو مندرجہ ذیل امور میں اضافی وسائل ملیں گے:

- کامن کور ریاستی معیار
- نیو یارک سٹیٹ کامن کور تشخیص
- اپنے بچے کے سکور کو کیسے سمجھیں
- کامن کور میں طلبہ کی تعلیم میں مدد کرنے کے لئے ان کے والدین کیا کرسکتے ہیں